شمارہ مارچ و اپریل 2012

انفارمیشن ٹیکنالوجی کی تعلیم اُردو زبان میں

# آئی ٹی میگزین



تحریر و ترتیب و ڈیزائننگ

زارا

ذوالفقار احمد خان

پاکستان کی آواز۔ پاکستان کے فورمز

# اداریہ

آداب وتسلیمات! اللہ پاک کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ گزشتہ کئی سالوں سے دل میں پلتی اور ہر لمحہ پروان چڑھتی ہوئی ایک خواہش، ایک آرزو جو بظاہر ایک حسرت کا روپ دھارنے میں مصروف تھی لیکن جب حالات نے رُخ بدلا تو میری نظر زارا کے شائع ہونے والے آئی ٹی میگزین پر پڑی تو دل میں حسرت کا روپ دھارتی آرزو نے انگڑائی لی اور میرے ذہن کے قرطاس پر میگزین کا ایک خاکہ سا اُبھرا اور کئی دنوں کی سوچ وبچار کے بعد میری ساری توجہ ایک ہی نکتے پر مرکوز ہوگئی کہ میگزین بہر صورت شائع کرنا ہے۔ میں نے زارا سے رابطہ کیا تو وہ بھی آمادہ ہو گئیں۔ میں نے میگزین کو شائع کرنے کے لئے پاک نیٹ کے پلیٹ فارم کو ہی سب سے بہتر محسوس کیا کیونکہ مجھے پاک نیٹ پر 4 سال سے زائد کا عرصہ ہو چکا ہے اور میں نے سب سے زیادہ کام پاک نیٹ پر ہی کیا ہے۔ میں پاک نیٹ کو شروع سے ہی اپنا گھر سمجھتا ہوں اور میری بہت سی پوسٹس میں اس کا واضح اظہار موجود ہے۔ لہٰذا تصوراتی دنیا میں پاک نیٹ میرے میرے خوابوں کا مسکن ہے۔

آئی ٹی میگزین کے بنیادی مقاصد میں سب سے پہلا مقصد آئی ٹی کی جدید تعلیم کو اردو زبان میں ڈھال کر اردو دان طبقے کی بغیر کسی اُجرت کے خدمت کرنے کا عظیم مقصد میرے سامنے ہے۔ دوئم یہ کہ اردو ہماری قومی زبان ہے۔ گو کہ اب تعلیمی اداروں میں انگریزی زبان کو بطور ذریعہ تعلیم روز افزوں فروغ دیا جا رہا ہے لیکن اس باعث اردو زبان کی افادیت کسی طرح بھی کم نہیں ہو سکتی۔ اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ اردو پاکستان کے کونے کونے میں بولی اور سمجھی جاتی ہے۔ انٹرنیٹ کی دنیا میں اردو زبان کی خدمت کرنا بھی ہمارے میگزین کا مقصد ہے۔

یہ میگزین انشاء اللہ ہر دو ماہ بعد شائع ہوا کرے گا اور اس میں صرف آئی ٹی سے متعلق ہی مضامین شائع کئے جائیں گے۔ اگلے شماروں میں کچھ مستقل سلسلے شروع کرنے کا پروگرام بھی ہے لیکن فی الحال ہماری ساری توجہ میگزین کے خدوخال کو ترتیب دے کر اسے ایک ایسی شکل میں ڈھالنا ہے کہ آگے چل کر ہماری ساری توجہ میگزین میں شائع ہونے والے مواد پر مرکوز ہو۔ اور ہر ماہ ہمیں میگزین کے ڈھانچے کو پھر سے ترتیب نہ دینا پڑے۔ میگزین کی کسی ایک شکل کو جو سب کو پسند ہو اُس کی ٹیمپلیٹ بنا دیں گے اور ہر ماہ اُسی میں حالات وواقعات کو مدنظر رکھ کر تھوڑی بہت تبدیلی کریں گے اور اُسے کے بعد صرف نیا تحریری مواد ڈال کر شائع کر دیں گے۔

اگر آپ میں سے کوئی بھائی یا بہن اس نیک مقصد میں ہمارے ساتھ شامل ہونا چاہتا ہے تو ہمیں بہت خوشی ہوگی۔ میگزین پر کھل کر تنقید کریں کیونکہ تنقید برائے اصلاح ہوتی ہے۔ اور آپ کی آرا اور تاثرات سے ہی میگزین کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ اگر آپ میں سے کوئی میگزین میں لکھنا چاہتا ہے تو اپنی تحریر تاریخ اشاعت جو ہر تیسرے ماہ کی 5 تاریخ ہے سے 15 دن پہلے یعنی 20 تاریخ تک ہمیں بجھوا دے تاکہ اُسے شمارے میں شامل کیا جاسکے۔ تحریریں آپ مندرجہ ذیل ایڈریس پر ای میل کریں۔

itmagdzcp@gmail.com

آپ سب بھائیوں اور بہنوں سے گزارش ہے کہ میگزین کو خود بھی پڑھیں اور اپنے دوستوں اور ساتھیوں کو بھی اس طرف راغب کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس سے فائدہ اُٹھا سکیں۔

آپ آراء اور تحریروں کا انتظار رہے گا۔

اجازت چاہوں گا۔ اللہ نگہبان

ذوالفقار احمد خان

# میرے قلم سے

السلام و علیکم ! مجھے کیا بننا تھا میں خود نہیں جانتی تھی کیونکہ مجھے ٹیچنگ کا شوق تھا، وکالت سے دلچسپی تھی، نیوز رپورٹر بننا میرا خواب تھا اور لکھاری بننا میری ترجیح۔ اپنے ان شوق کو پورا بھی کر لیتی تھی لیکن سکول و کالج کی حد تک۔ بچپن سے ہی کچھ نہ کچھ لکھنے کا شوق تھا۔ پہلے مختلف معاشرتی موضوعات پر لکھتی رہتی تھی۔ میٹرک کے بعد جب آئی ٹی کی طرف توجہ ہوئی تو مجھے اس نئی ٹیکنالوجی کو سیکھنے کا شوق ہوا لیکن وقت کی کمی اور وسائل نہ ہونے کی وجہ سے اس شوق کو پورا کرنے سے قاصر رہی۔ پھر امی نے کسی طرح مجھے کمپیوٹر لیکر دیا تو اِس سیکھنے کے لئے میں نے دن رات ایک کر دیئے۔ سارا دن کالج پھر جاب اور اور رات کو کمپیوٹر پر کچھ نہ کچھ کرتے گزرتی۔ امی کو دیکھ کر دوسروں کی مدد کرنے کا جذبہ پہلے ہی تھا۔ سو اسی نیک جذبے کے تحت میں نے مختلف اردو فورمز پر رجسٹر ہو کر آئی ٹی کے مختلف موضوعات پر لکھنا شروع کیا اور آئی ٹی ہلیپ پر سوالات کے جوابات دینا اور ممبرز کی رہنمائی کرنا اپنا معمول بنا لیا اور اسی طرح میرے شب و روز گزرنے لگے۔

آئی ٹی میگ کے پس منظر پر جاؤں تو، یہ آئیڈیا میری امی اور چھوٹی بہن کا تھا۔ انٹرنیٹ کی عدم دستیابی کے باعث میرا سارا وقت موبائل پر نیٹ استعمال کرنے میں گزرتا۔ تب اُنہوں نے مجھے یہ راہ دیکھائی کہ ہر ماہ کچھ نہ کچھ لکھ کر ایک ہی بار پوسٹ کر دیا کرو تاکہ تمہاری خواہش پوری ہوتی رہے۔ پہلے تو اُنکی بات آئی گئی ہو گئی پھر جنابِ منتظمین کے ایک دھاگے پر نظر پڑی تو امی کی بات میرے دماغ میں تازہ ہو گئی اور میں نے سوچا کہ مجھے آئی ٹی میگزین نکالنا چاہیے کیونکہ باقی موضوعات پر کچھ نہ کچھ شائع ہوتا رہتا ہے مگر آئی ٹی کے حوالے سے فی الوقت ایسا کچھ نہیں ہے۔ تب میں نے اللہ کا نام لیکر تن تنہا اس کا اِجراء کیا۔ اور مجھے خوشی ہے کہ آگے چل کر اس سفر میں ذوالفقار احمد نے میرا ساتھ دیا اور فروری 2012 میں ذوالفقار کے اِصرار پر ہم نے ایک مشترکہ پروجیکٹ کا نام دیا اور الحمد اللہ یہ دوسرا میگزین ہے جو ہم دونوں کی مشترکہ کاوش سے آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

میگزین کے خدوخال ذوالفقار نے اپنے اداریے میں واضح کر دیے ہیں۔ ہم انشاء اللہ کوشش کریں گے کہ میگزین کو وہ شکل دے سکیں جس کا نقشہ ہمارے ذہنوں میں ہے۔

اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔ آمین

والسلام!

زارا

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | لکھاری | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1 | قرآن و حدیث | *-* | 1 |
| 2 | سسٹم اوپن اور بند کرنے کیلئے خاص باتیں | زارا | 3 |
| 3 | کمپیوٹر بند ہو جانے کی علامات و وجوہات | زارا | 6 |
| 4 | یو ایس بی رائٹ پراٹیکشن ایرر ختم کریں | زارا | 9 |
| 5 | کسی بھی پروگرام کیلئے شارٹ کی خود بنائیں | زارا | 11 |
| 6 | فائر فوکس کو کی لاگرز میں بدلیں | زارا | 14 |
| 7 | کس بھی امیج سے ٹیکسٹ کاپی کریں | زارا | 15 |
| 8 | سوشل نیٹ ورکس میں موجود اپنے ڈیٹا کا بیک اَپ لیں | زارا | 18 |
| 9 | اِنٹرنیٹ اینڈ جی میلز ٹرک اینڈ ٹپس | زارا | 20 |
| 10 | فوٹوشاپ میں کسی سطح پر تحریر کو کندہ کرنا | ذوالفقار احمد خان | 26 |
| 11 | پکچر کی بیک گراؤنڈ میں امیج کو سیٹ کریں - فوٹو شاپ ٹیوٹوریل | زارا | 31 |
| 12 | اِن پیج ٹیوٹوریل | زارا | 32 |
| 13 | انٹرنیٹ ایکسپلورر 9 کی بورڈ شارٹ کٹس | رز علی | 35 |
| 14 | ویب سائٹس میں رائٹ کلک اِن ایبل کریں | زارا | 38 |
| 15 | موبائلز کیلئے تھری جی کنیکشن | زارا | 41 |

بِسمِ اللہ الرحمٰن الرحیم

# القرآن

ایک چال وہ چلے اور پھر ایک چال ہم نے چلی جسکی اُنہیں خبر نہ تھی۔ اب دیکھ لو اُنکی چال کا انجام کیا ہوا۔ ہم نے تباہ کر کے رکھ دیا اُنکو اور اُنکی پوری قوم کو اور بچالیا ہم نے اُن لوگوں کو جو ایمان لائے تھے۔

# حدیث قُدسی

اے ابنِ آدم ایک میری چاہت ہے، ایک تیری چاہت ہے ہو گا وہی جو میری چاہت ہے۔ پس اگر تو نے سُپرد کر دیا اسکے جو میری چاہت ہے تو وہ بھی میں تجھے دے دوں گا جو تیری چاہت ہے۔ اگر تو نے مخالفت کی اِسکی جو میری چاہت ہے تو میں تھکا دوں گا تجھکو اِس میں جو تیری چاہت ہے۔ پھر وہی ہو گا جو میری چاہت ہے۔

# ہارڈ ویئر ٹربل شوٹنگ / ٹپس اینڈ ٹرکس





- سسٹم آن اور بند کرنے کیلئے خاص باتیں
- کمپیوٹر بند ہوجانے کی علامات و وجوہات (حصہ دوم)
- ہارڈ ڈسک سے متعلقہ مسائل
- یو ایس بی میں Write Protection ایرر ختم کرنا
- فولڈر آپشن اِن ایبل کریں
- کسی بھی پروگرام کیلئے کی بورڈ شارٹ کی خود بنائیں
- بغیر سوفٹ ویئر اپنے سسٹم پر کوئی بھی سائیٹ بلاک کریں

# Upgrading & Fixing PCs

نئے یوزرز کیلئے مکمل ہارڈویئر وسوفٹ ویئر لیکچرز!

باب: 2

## سسٹم آپن کرنے اور بند کرنے کیلئے خاص باتیں

کمپیوٹر کی سروس کرنے یا اِسکو ریپیئر کرنے کیلئے آپن کرنا پڑتا ہے۔ کمپیوٹر کو ری-ایسمبل اور ڈی سیمبل کرنا کوئی مشکل کام نہیں ہے لیکن بعض اوقات ذرا سی بے احتیاطی سے سسٹم کا کوئی پُرزہ یا پورا سسٹم خراب ہو جاتا ہے۔ اِسلئے اِسکو آپن کرنے سے پہلے اور بعد میں کچھ باتوں کا خیال رکھ کر بہت سی باتوں سے بچا جا سکتا ہے۔

❖ اگر آپکی ہارڈِسک میں کوئی اہم ڈیٹا پڑا ہوا ہے تو کمپیوٹر کی سروس سے پہلے سسٹم میں موجود اہم ڈیٹا کا بیک اَپ ضرور لیں اور بیک اَپ کے بعد اچھی طرح جانچ لیں کہ وہ ٹھیک ہے۔

❖ کمپیوٹر کیسنگ بُنیادی طور پر دو طرح کی ہوتی ہے۔ ڈیسک ٹاپ کیسنگ اور ٹاور کیسنگ اور دونوں کو کھولنے کا طریقہ قدرے مختلف ہوتا ہے۔ ڈیسک ٹاپ کیسنگ میں پچھلی طرف پیچ لگے ہوتے ہیں لیک بعض اوقات دائیں اور بائیں بھی پیچ لگا دیئے جاتے ہیں۔ جس سے اوپر والا حصہ کبھی آگے پُش کر کے الگ کیا جاتا ہے کبھی اسکو کھولنے کلئے پیچھے کی طرف دھکیلنا پڑتا ہے ٹاور کیسنگ ڈیسک ٹاپ سے کافی مختلف ہوتی ہے۔ کور کو کھولنے کے بعد احتیاط سے رکھیں تا کہ اس پر خراشیں نہ آئیں اگر کیسنگ نئی ہو تو احتیاط کے ساتھ اور ہاتھوں کو بچا کر کھولیں کیونکہ اِنکے کنارے کافی شارپ ہوتے ہیں جس سے ہاتھ پر لگ جانے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

کمپیوٹر کی سروس کرنے بعد جب اسکو بند کرنے سے پہلے تمام ڈیوائسز کو چیک کر لیں تمام کارڈز سلاٹ پر صحیح طرح سے لگے ہوئے ہوں، ہارڈ ڈرائیو، سی ڈی ڈرائیو اور مدربورڈ وغیرہ کے جیک چیک کر لیں کہ اچھی طرح لگے ہوئے ہیں یا نہیں، سی ڈی روم وغیرہ کے رِبن اچھے سے لگے ہونے چاہیے۔ سب چیک کر کے بعد کور لگانے سے پہلے مین پاور کیبل لگا کر کمپیوٹر آن کریں اور ایک مرتبہ بوٹ کر کے دیکھیں۔ اگر سب کچھ ٹھیک ہو تو کور کو مکمل بند کر دیں۔

## مانیٹر اسمبلی

مانیٹر کو ڈیسیمبل کرنا لیپ ٹاپ کے مقابلے میں کافی آسان ہے۔ مانیٹر کو چلانے کیلئے کافی الیکٹرک پاور کی ضرورت ہوتی ہے۔ مانیٹر میں بہت سے سوراخ ہوتے ہیں جنکا کام مانیٹر کے سرکٹ سے پیدا ہونیوالی حرارت جلد از جلد خارج ہو جائے۔ مانیٹر کے کور کو اسلئے بھی ایکٹر اسپیننگ بنایا جاتا ہے تا کہ مانیٹر زیادہ گرم نہ ہو۔ ایک عام پندرہ انچ کا مانیٹر نارمل کنڈیشن میں چلتے ہوئے تقریباً 30 ہزار وولٹ سے زیادہ حرارت پیدا کر رہا ہوتا ہے اور اِتنے ہی وولٹ مانیٹر کی پکچر ٹیوب کو تصویر دیکھانے کیلئے دُرکار ہوتے ہیں۔ اسی طرح اگر سترہ یا اکیس اِنچ کا مانیٹر ہو تو انکے وولٹج کی مقدار زیادہ ہو سکتی ہے۔ مانیٹر کو پانچ حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

1۔ مانیٹر کا کور

2۔ پکچر ٹیوب (Cathode Ray Tube)

3۔سی آر ٹی ڈیوائس بورڈ

4۔راسٹر ڈرائیو بورڈ

5۔پاور سپلائی

**مانیٹر کا کور (Enclosure)**

مانیٹر کے کور کے پہلے حصے میں پکچر ٹیوب اور Degaussing Coil فٹ کی جاتی ہے اوراِس حصے کو پیچوں کے ساتھ کس دیا جاتا ہے۔ پھر ان دونوں کے پچھلی طرف لگانے کیلئے کور کا دُوسرا حصہ استعمال ہوتا ہے۔ یہ حصہ مانیٹر کو پچھلی جانب سے مکمل ڈھانپ دیتا ہے۔ اس پارٹ کو بند کرنے کیلئے عموماً چار پیچ استعمال ہوتے ہیں۔

**پکچر ٹیوب:**

مانیٹر میں کلرز کو بنانے کیلئے الگ سے سرکٹ لگایا جاتا ہے جسے پکچر ٹیوب کہتے ہیں جو کلرز کو بناتی ہے۔اِسے سی آر ٹی بھی کہتے ہیں جو Cathode Ray Tube کا مخفف ہے۔ پکچر ٹیوب میں کیتھوڈ سے ہیٹر کی مدد سے الیکٹران پیدا کئے جاتے ہیں اور انکو مختلف Girds سے گزار کر فارسفورس کی طرف کافی تیزی سے پھینکا جاتا ہے۔ کلرڈ پکچر ٹیوب میں تین رنگوں سرخ، سبز اور نیلا، کیلئے الگ کیلئے کیتھوڈز استعمال ہوتے ہیں جبکہ بلیک اینڈ وائٹ میں صرف ایک کیتھوڈ استعمال ہوتا ہے۔

Control Grid کیتھوڈ سے نکلنے والے الیکٹرانوں کی چمک یا روشنی کو ٹھیک اور مناسب کرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ سکرین گرڈ الیکٹرانوں کی سپیڈ کو مطلوبہ حد تک تیز کرتا ہے جبکہ فوکس گرڈ الیکٹرانوں کو اسطرح کنٹرول کرتا ہے کہ اُن کا فوکس فاسفورس کی سکرین پر ٹکرانے سے خراب نہ ہو۔ایک بار جب Electronic Beem فوکس ہو جائے تو Horizontal Deflection Coils اور ورٹیکل ڈیفلیکشن کوئلز کی مدد سے بیم کو دائیں بائیں حرکت دی جاتی ہے۔ اس طریقے سے الیکٹرونک بیم کو سکرین پر کسی بھی جگہ لے جایا جاسکتا ہے۔ پکچر ٹیوب کے اندر آپکو Shadow Mark لکھا نظر آئے گا۔ شیڈو مارک ایک بہت پتلی دھاتی پلیٹ ہوتی ہے۔ جس میں چھوٹے چھوٹے سوراخ ہوتے ہیں۔ یہ سوراخ میں سے ہر ایک سوراخ سکرین کے ایک پکسل کو ظاہر کرتا ہے۔ شیڈو مارک کو فاسفورس سے قریب رکھا جاتا ہے۔ مونوکروم، پکچر ٹیوب اور سی آر ٹی کی تعداد میں فرق کیساتھ ساتھ فاسفورس کا بھی فرق ہوتا ہے۔ مونوکروم مانیٹر میں استعمال ہونیوالا فاسفورس ایک طرح کا ہوتا ہے جبکہ رنگین پکچر ٹیوب میں فاسفورس کے Triads بنائے ہوتے ہیں یعنی ایک ٹرائیڈ تین بنیادی رنگوں (سرخ، سبز اور نیلا) کے ایک ایک فارسفورس dot کو ملا کر بنتا ہے۔

ٹرائیڈ میں ہر رنگ کا ڈاٹ کچھ اسطرح سے پکچر ٹیوب کے اندر چپکایا گیا ہوتا ہے کہ ہر Red رنگ کو ظاہر کرنے والے کیتھوڈ سے نکلنے والا الیکٹران سرخ رنگ کے فاسفورس پر ٹکرائے جبکہ بلیو اور گرین فاسفورس ڈاٹ پر ٹکرا کر روشنی پیدا کرے۔ یہ تینوں فاسفورس کے ڈاٹ اِتنے قریب ہوتے ہیں کہ apparently ایک ہی نقطہ معلوم ہوتے ہیں اور اسی نقطے کو پکسل کہا جاتا ہے۔ شیڈو ماسک الیکٹرانوں کے ٹکرانے کی وجہ سے مقناطیسی ہو جاتا ہے ہے۔ اسکو Demagnetize کرنے کیلئے Degaussing Coil استعمال کی جاتی ہے۔ چونکہ تین مختلف کلرز کیلئے تین الگ الگ کیتھوڈ کو کنٹرول کرنا ایک پیچیدہ عمل ہے۔ جتنے بہتر طریقے سے الیکٹران اپنے متعلقہ ڈاٹ سے ٹکرا کر روشنی پیدا کرے گا پکچر ٹیوب کی کلر پیورٹی اتنی ہی اچھی ہوگی۔ کلر پیورٹی کیلئے شیڈو ماسک ہی

کافی نہیں ہوتا بلکہ ایک عدد Purity Magnet پکچر ٹیوب کی Neck پر لگایا جاتا ہے۔ اس تمام پروسیس میں ایک بات یاد رکھنے والی ہے کہ تینوں الیکٹران بیم شیڈو ماسک کے ایک سوراخ میں سے اکٹھے ہو کر پھر الگ الگ نکلنے ضروری ہوتے ہیں۔ جس مقام پر یہ الگ ہو کر نکلتے ہیں اُسکو Convergence Point کہتے ہیں۔ اس پوائنٹ کو ٹھیک رکھنے یا ردوبدل کرنے کیلئے Convergence Magnet بھی پکچر ٹیوب پر دیئے ہوتے ہیں۔


**سی آر ٹی ڈرائیو بورڈ:**

یہ بورڈ پکچر ٹیوب کیساتھ اٹیچ کیا جاتا ہے۔ سی آر ٹی پر اسے لگانے کیلئے ایک گول کنیکٹر استعمال ہوتا ہے جس میں سوراخ ہوتے ہیں اور ٹیوب کی پنوں کو قدرے زور سے دبا کر لگایا جاتا ہے۔ کنٹرول، سکرین اور فوکس گرڈ کے وولٹیج اسی بورڈ کے ذریعے پکچر ٹیوب کو دیئے جاتے ہیں۔ بنیادی رنگوں کے ڈرائیورز بھی اکثر اسی بورڈ کا حصہ ہوتے ہیں۔

کمپیوٹر سے ملنے والے ویڈیو سگنل کافی کمزور ہونے کی وجہ سے انکے وولٹیج کی مقدار عموماً 0.7V پیک ٹو پیک ہوتی ہے۔ ڈرائیو بورڈ پر موجود امپلیفائر اسکو بڑھا کر 50 وولٹ تک کر دیتے ہیں جو پکچر ٹیوب کے کام کرنے کیلئے کافی ہوتی ہے۔ سی آر ٹی سے متعلقہ خرابیوں پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔

- اگر مونیٹر پر کچھ نظر نہیں آرہا لیکن راسٹر آرہا ہے تو کافی حد تک ممکن ہے کہ مسئلہ پکچر ٹیوب سے منسلک بورڈ کا ہے۔ اگر راسٹر کو چیک کرنا مقصود ہو تو اسکے لئے Brightness کو پورا کھولیں اگر سکرین پر روشن سی بن رہی ہو تو اسکا مطلب ہے کہ راسٹر بن رہا ہے۔
- اگر مانیٹر چلتے چلتے اچانک نیلا، سرخ یا گرین ہو جائے تو مسئلہ VGA کارڈ یا پکچر ٹیوب سے متعلقہ ڈرائیو بورڈ کا ہو سکتا ہے۔ ایک ٹھیک مانیٹر لیکر کمپیوٹر سے لگائیں اگر ڈسپلے ٹھیک آئے تو یقیناً اسکا ڈسپلے کارڈ ٹھیک ہے اور مسئلہ پکچر ٹیوب سے متعلقہ سرکٹ میں ہے۔
- فوکس خراب ہو جائے یا برائٹ نیس ایک ہی جگہ منتقل ہو جائے تو یہ پکچر ٹیوب کے گرڈ میں خرابی کی علامت ہو سکتی ہے۔

باقی اگلے شمارے میں



# کمپیوٹر بند ہو جانے کی علامات و وجوہات
## (حصہ دوم)

## کمپیوٹر سٹارٹ ہونے مگر initialize نہ ہونے کی وجوہات

**کمپیوٹر کی پاور لائٹ آن ہو اور بیپ کی آواز سنائی دیتی ہو:**

ایسا عموماً ڈسپلے کارڈ میں مسئلے کی وجہ سے ہوتا ہے جس میں ویڈیو پرابلم کمپیوٹر کو initialize ہونے نہیں دیتی۔ اسکا حل یہ ہے کہ کمپیوٹر کو بند کر کے دیکھیں اور چیک کریں کہ ڈسپلے کارڈ اپنی سلاٹ میں ٹھیک طرح سے بیٹھا ہے یا نہیں۔ بوض کمپنیز مختلف ایرر کیلیئے اسٹینڈرڈ سے ہٹ کر اپنے مخصوص بیپ کوڈ بناتی ہے جو اہم ہوتے ہیں۔

**CMOS سیٹ سے متعلقہ ایرر:**

سی موس سے متعلقہ مسئلے دو صورتوں کی وجہ سے سکرین پر آتے ہیں۔

1۔ سی موس سیٹ اپ میں ہارڈویئر سے متعلق معلومات جو آپ نے درج کی ہے وہ اِنسٹال کئے گئے ہارڈویئر سے مختلف ہے۔ اسکو حل کرنے کیلیئے سی موس سیٹ اپ میں جاکر ان معلومات کو ٹھیک کریں۔

2۔ آپکے مدربورڈ پر موجود سی موس بیٹری ختم ہو چکی ہے اور سیٹ اپ ڈیفالٹ لوڈ کرتا ہے۔ بیٹری کو تبدیل کرنے سے یہ مسئلہ حل کیا جا سکتا ہے۔

**بوٹ ڈرائیو کی ایکٹویٹی لائٹ نہیں جل رہی:**

جس ڈرائیو سے آپ نے کمپیوٹر کو بوٹ کروانا ہے اس میں مسئلہ ہو سکتا ہے۔ ہارڈویئر ڈرائیو کی پاور پاور کیبل چیک کریں کہ وہ ٹھیک سے ہارڈ ڈسک میں اِنسرٹ ہے یا نہیں۔ ہارڈ ڈرائیو کی پاور کیبل میں 4 تاریں ہوتی ہیں ۔ ان میں سے 2 گراؤنڈ وتی ہیں جبکہ سرخ تار پر 5 وولٹ اور پہلی تار پر 12Vdc + ہوتی ہے۔ وولٹ میٹر سے اسکو چیک کریں۔ اسکے علاوہ چالیس پنوں والی ربن کیبل جو ایک طرف سے مدربورڈ کے ڈرائیو کنٹرولر میں لگائی جاتی ہے اور اسکے دُوسری طرف ہارڈ ڈرائیو ہوتی ہے، اس ربن کیبل کو بھی اچھی طرح چیک کریں۔ اگر سب کچھ ٹھیک ہے تو ممکن ہے کہ سی موس سیٹ میں جو ڈرائیو پیرامیٹر آپ نے دیئے ہیں وہ درست نہیں ہیں۔ لہٰذا انکو بھی چیک کریں۔ اور کمپیوٹر کو ری بوٹ کریں۔ اگر کمپیوٹر پھر بھی ری بوٹ نہ ہو تو اسکو فلاپی ڈرائیو سے بوٹ کریں اور جب A:/> آجائے تو C پر جانے کی کوشش کریں۔ اگر آپ کامیابی سے اینٹر ہو جائیں تو یقیناً کمپیوٹر کی ہارڈ ڈرائیو کے بوٹ سیکٹر میں مسئلہ ہے۔ کسی اچھی یوٹیلیٹی سے بوٹ سیکٹر کو ٹھیک کریں۔ اور اگر فلاپی سے بوٹ کروانے کے بعد بھی C نہ آئے تو ایک صورت وائرس ہو سکتی ہے۔ اسکو سکین کر کے وائرس فری کریں۔ ان تمام باتوں کے علاوہ ایک وجہ ہارڈ ڈرائیو کی خرابی بھی ہو سکتی ہے۔ اور اسکو آزمانے کیلیئے آپ کسی اور ڈرائیو کو سسٹم کیساتھ لگا کر چیک کریں اگر وہ بوٹ ہو جائے تو واقعی ہارڈ ڈرائیو خراب ہے۔ اور اگر وہ ڈرائیو بھی کام نہ کرے تو مدربورڈ میں موجود ڈرائیو کنٹرولر میں خرابی ہے۔ چونکہ آجکل مدربورڈ بلٹ اِن ہوتے ہیں لہٰذا آپکو اسکو تبدیل ہی کرنا پڑے گا۔

### ہارڈ ڈرائیو کی ایکٹیویٹی لائٹ مسلسل جلتی رہے:

اگر ہارڈ ڈرائیو کی ایکٹیویٹی لائٹ مسلسل جلتی رہے تو اسکا مطلب ہے کہ کمپیوٹر کو بوٹ ڈرائیو نہیں مل رہی۔ ایسا اکثر تب ہوتا ہے جب ہارڈ ڈرائیو کی 40 پنوں والی کیبل الٹی لگ جائے اور ایسا ہارڈ ڈرائیو کو اپ گریڈ کرنے یا مدر بورڈ وغیرہ بدلنے کے بعد بھی ہو سکتا ہے۔ اپ گریڈ کرنے کے بعد ایسا ہوتا ہے تو آپ فوراً ربن کیبل کو چیک کریں نیز یہ بھی چیک کر لیں کہ آپ نے ڈرائیور کو تبدیل کرنے کے بعد اسکے پیرامیٹرز بھی تبدیل کئے ہیں یا نہیں۔

### کمپیوٹر بظاہر ٹھیک چل رہا ہے لیکن ڈسپلے نہیں آتا:

ایسی صورت میں مانیٹر کی ڈیٹا کیبل چیک کریں کیونکہ پیچ نہ لگے ہونے کی صورت میں وہ ڈسپلے کارڈ سے اُتر جاتی ہے۔ نیز مانیٹر بھی چیک کریں کیونکہ ممکن ہے کہ ڈسپلے کارڈ جہاں پر مانیٹر کی کیبل کا جیک لگایا جاتا ہے وہ خراب ہے یا اسکے کنیکشن لوز ہو گئے ہیں۔

---

## کچھ مسائل اور اُنکا حل

| مسئلہ | حل |
|---|---|
| کمپیوٹر کا لاک ہو جانا یا ایک ہی وقت کئی پروگرامز نہ چلانا۔ | میموری شامل کرنے کی ضرورت ہے۔ |
| 32 بٹ سوفٹ ویئر اِنسٹال نہ ہونا۔ | -bitOS32 Need to Upgrade |
| زیادہ بڑی ہارڈ ڈرائیو فارمیٹ نہ ہونا۔ | بائیوز کو اپ گریڈ کریں۔ |
| Out of Disk Space کا ایرر آنا | ہارڈ ڈرائیو کو اپ گریڈ کریں یا نئی ڈرائیو اِنسٹال کریں۔ |
| سسٹم کلاک ٹائم ٹھیک نہیں دیتا۔ | بائیوز کو اپ گریڈ کرنے کی ضرورت ہے۔ |

# ہارڈڈسک سے متعلق

ہارڈ ڈسک کسی بھی وقت ڈیمیج ہوسکتی ہے۔ ہارڈ ڈسک کی چھوٹی خرابی کوڈسک فرسٹ ایڈٹول کٹ کی مدد سے دُور کیا جاسکتا ہے لیکن میجر فالٹس اکثر ٹھیک نہیں بھی ہوتے۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ سسٹم آن کرنے پر سسٹم ڈوس پرامپٹ NO SYSTEM DISK IS FOUND شوکرتا ہے جسکا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ ہارڈ ڈسک ڈیج ہوگئی ہے۔ کیونکہ ایک بار میرے ساتھ ایسا ہوا تو مجھے یہی کہا گیا کہ آپکی ہارڈ ڈسک خراب ہوگئی ہے۔ امتحانات کی وجہ سے میں کچھ نہ کرسکی۔ پیپرز ختم ہوتے ہی میں نے سوچا آج لی جا کر اپنا سسٹم ہی ٹھیک کروالوں۔ میں نے پاور کیبل وغیرہ نکالیں۔ سسٹم کو اندر سے اچھی طرح صاف کیا پھر پتہ نہیں دِل میں کیا آیا سوچا ایک بار سسٹم آن کر کے دیکھوں شاید چل ہی جائے اور یقین کریں سسٹم magically چل بھی گیا۔ اُس وقت تو میں کافی خوش ہوئی اور فورمز پر جسکو ہارڈ ڈسک سے متعلق کوئی مسئلہ ہوتا یہی طریقہ بتاتی کہ ایسے ایسے کریں۔ یہ میسج / ایرر اُس وقت آتا ہے جب سی پی یو سسٹم کیلئے ضروری فائلز سرچ نہیں کرپاتا تاہم یہ میسج مندجہ ذیل وجوہات میں سے کسی ایک وجوہ کی وجہ سے آسکتا ہے۔



۱۔ Problem in RAM slot

۲۔ پاور یونٹ یا مدر بورڈ میں کسی مسلئے کی وجہ سے

۳۔ Improper کیبل کنیکشن لگنے سے / ہونے سے

۴۔ Error in some DOS files

سسٹم آن کرکے پہلے یہ چیک کریں کہ سسٹم سے کوئی آواز تو نہیں آرہی لہٰذا put your ear near the System اگر سسٹم سے بیپ یا ٹک ٹک کی آواز آرہی ہوتو اسکا مطلب ہے کہ اسکا میڈیا خراب ہے۔ لیکن اگر یہ آواز نہ آرہی ہوتو اسکا مطلب ہے کہ مسئلہ is in some other areas۔ اس مسئلے کوحل کرنے کیلئے مسلئے کوحل کرنے کیلئے سسٹم آف کریں۔ کیس کو اُتاریں اور مندجہ ذیل کام کریں۔

۱۔ کنیکشن کیبل کو چیک کریں۔

۲۔ چیک کریں کہ RAM سلوٹ پر ٹھیک سے انسرٹ ہے یا نہیں۔

۳۔ مدر بورڈ کے پاور کنیکشنز چیک کریں۔

یہ سب کرنے کے بعد کیس کور کریں اور سسٹم آن کریں۔ اگر اِن تین وجوہات میں سے کسی ایک وجوہ سے یہ ایرر آیا ہے تو سسٹم آن ہو جائے گا۔ اگر پھر بھی مسئلہ رہے تو اِس مین کہ ہارڈ ڈسک یا مدر بورڈ میں خرابی ہوگئی ہے۔ یہ جاننے کیلئے کہ آپکی ڈسک ٹھیک ہے یا نہیں آپ اسکو کسی اور سسٹم پر لگا کر چیک کرسکتے ہیں اگر وہاں بھی نہ چلے تو یہ خراب ہوچکی ہے۔

# یو ایس بی رائٹ پراٹیکشن ایرر ختم کریں




اکثر یو ایس بی سے ڈیٹا ٹرانسفر کرتے وقت Disk is Write Protected کا ایرر آجاتا ہے جسکی وجہ سے نہ آپ ڈیٹا کاپی کر سکتے ہیں نہ ہی ٹرانسفر۔ اِس ٹرک کی مدد سے آپ اس ایرر کو ختم کر سکتے ہیں۔ آپکو اپنی رجسٹری ویلیوز میں تبدیلی کرنا ہوگی اسلئے be careful to do it۔

Start>>Run>>Regedit


HKEY_LOCAL_MACHINE\SYSTEM\CurrentControlSet\Control پاتھ میں جائیں۔ StorageDevicePolicies میں جائیں۔ اگر یہ آپکو وہاں نہ ملے تو پہلے آپ کو اسکو create کرنا ہوگا۔ اسکو بنانے کیلئے مندجہ ذیل طریقہ فالو کریں۔ اُسی طرح

Start>>Run>>Regedit

HKEY_LOCAL_MACHINE\SYSTEM\CurrentControlSet\Control پاتھ میں جائیں۔ Control میں رائٹ کلک کریں۔ New اور Key منتخب کریں۔




اِسے DeviceStoagePolicies کا نام دیں اور پھر اس پر رائٹ کلک کریں۔ New>DWORD اور سیلیکٹ کریں اور اسکو WriteProtect نام دیں۔




اس پر ڈبل کلک کریں اور ویلیو کو صفر کر دیں۔ سسٹم ری سٹارٹ کریں۔


You are done here۔

# فولڈر آپشن اِن ایبل کریں
## (نئے یوزرز کیلئے)

یہ ٹرک اکثر لوگ جانتے ہوں گے لیکن نئے یوزر کیلئے یہ فائدہ مند ثابت ہوگی۔ بعض اوقات وائرس اور ٹروجن کی وجہ سے ونڈوز سے فولڈر آپشن ہائیڈ/ڈس ایبل ہوجاتی ہے۔ اس آپشن کو این ایبل کرنے کیلئے!


Start>>Run>>gpedit.msc

User Configuration > Administrative Templates > Windows Component > Windows Explorer




سکرین کی رائیٹ سائیڈ پر آپکو تیسری آپشن نظر آرہی ہوگی


**Removes the Folder Option menu item from the Tool menu**





اس پر ڈبل کلک کرنے سے ایک باکس آپن ہوگا آپ نے نوٹ کنفگرڈ آپشن کو منتخب کرنا ہے۔ اپلائی کر کے اوکے کر دیں۔ ونڈوز ری سٹارٹ کرنے پر یہ مسئلہ حل ہو جائے گا اِن شاء اللہ۔

# کسی بھی پروگرام کیلئے شارٹ کیز خود بنائیں (نئے یوزر کیلئے)

اس ٹرک کے زریعے بغیر کسی سوفٹ ویئر کی مدد سے اپنے پروگرامز کی شارٹ کی بناسکتے ہیں۔ جس پروگرام کی شارٹ کی بنانی ہے اُس پر رائٹ کلک کریں اور پراپرٹی میں جائیں۔




شارٹ کٹ ٹیب میں نن لکھا ہوگا۔ آپ جو شارٹ کی رکھنا چاہتے ہیں اُس میں ٹائپ کریں۔ مثلاً ایم ایس ورڈ کیلئے میں ڈبلیو منتخب کروں گی۔ آپ نے جسٹ ایلفابیٹ ٹائپ کرنا ہے کی خود سیٹ ہو جائے گی۔







اسطرح آپ ہر پروگرام کی شارٹ کی بناسکتے ہیں۔ یہ ٹرک ونڈوز ایکس پی کے علاوہ سیون اور وِسٹا میں بھی کام کرتی ہے۔


# بغیر سوفٹ ویئر اپنے سسٹم پر کوئی بھی سائیٹ بلاک کریں

یہ ٹرک بھی پرانی ہے اور اُن لوگوں کیلئے زیادہ فائدہ مند ہے جو بغیر کسی سوفٹ ویئر کے سائیٹس کو بلاک کرنا چاہتے ہیں۔اس ٹرک کو اپلائی کرنے کے بعد کسی بھی براوزر سے وہ سائیٹ آپن نہیں ہوگی۔اس ٹرک کیلئے ہم ونڈوز کی ہوسٹ فائل کو ایڈٹ کریں گے اور ایک آئی پی ایڈریس استعمال کریں گے جس سے یہ ہوگا کہ جب بھی کوئی آپکے سسٹم پر اُس بلاک سائیٹ کو آپن کرے گا وہ لوکل ہوسٹ پر ڈائریکٹ ہو جائے گی۔


My Computer آپن کریں۔

Windows –>System32–>drivers–>etc

یہاں آپکو ہوسٹ فائل نظر آرہی ہوگی اسکو نوٹ پیڈ پر آپن کریں۔




لوکل ہوسٹ کے نیچے اگین آئی پی اُتار کر اُس سائیٹ کا نام لکھ دیں جسکو بلاک کرنا مقصود ہے۔




اس طرح تمام سائیٹس جنکو بلاک کرنا ہے لکھ کر سیو کرنے کیلئے کنٹرول + ایس پریس کریں۔

**نوٹ:یہ ٹریک ونڈوز ایکس پی،ونڈوز 7 اور وِسٹا پر کام کرتی ہے۔**

# سوفٹ ویئرز کا جائزہ





- فائرفوکس کوکی لاگرز میں کنورٹ کریں
- کسی بھی امیج سے ٹیکسٹ کاپی کریں
- اپنی یو ایس بی کو پاسورڈ پروٹیکٹڈ بنائیں


# فائر فوکس کو کی لاگرز میں کنورٹ کریں

کی لاگرز کئی طرح کے ہوتے ہیں۔ اسکی اِقسام سے ایک قسم ایسی بھی ہے جو آپکے براؤزر سے آپکو معلوم ہوئے بغیر یوزر نیم اور پاسورڈ وغیرہ سٹور کر سکتی ہے یہاں تک کے آپ نے پاسورڈ محفوظ کرنے کیلئے پرامپٹ کرنے والی آپشن کو آف کیا ہو تو آپکو معلوم بھی نہیں ہوتا اور لاگن ہوتے ہی کی لاگرز اپنا کام کر جاتے ہیں اور آپکی تمام اِنفارمیشن سٹور کر لیتے ہیں۔ اِسلئے کوشش کریں کہ کسی نیٹ کیفے وغیرہ میں اوپنی ذاتی اور ایسی آئی ڈی جس میں آپکی ضروری اِنفارمیشن یا کانیٹکٹس موجود ہو اوپن کرنے سے گُریز کریں۔


آپ بھی اوپنے فائر فوکس کو لاگرز میں کنورٹ کر سکتے ہیں۔ یہ ایک سکرپٹ ہے جسکو آپ نے اوپنے سسٹم میں رکھنا ہے۔ دیئے گئے لنک سے سکرپٹ ڈاؤن لوڈ کریں http://hotfile.com/dl/110066569/8ceecf5/firefoxscript.rar.html

**C:/Program Files/Mozilla Firefox/Components**

میں جائیں اور **nsLoginManagerPrompter.js** فائل کو فائنڈ کرکے کاپی کر لیں۔ ڈاؤن لوڈ کی گئی فائل سے سکرپٹ کو ایکسٹریکٹ کرکے **nsLoginManagerPrompter.js** فائل کو ایکسٹریکٹ کئے گئے فولڈر میں پیسٹ کر دیں۔ اب جب بھی آپ یا کوئی اور موزیلا براؤزر سے اوپنا کوئی سا بھی اکاؤنٹ لاگن کرے گا پاسورڈ آٹومیٹیکلی محفوظ ہوتے جائیں گے۔ آپ اِن پاسورڈ کو ریموو بھی کر سکتے ہیں۔ فائرفوکس اوپن کریں۔ Tools>>Options میں جائیں۔




Save Passwords پر کلک کریں۔ سٹور پاسورڈ شو ہوں گے۔ آپ کسی ایک یا تمام کو ریموو کر سکتے ہیں۔



# Copy Text from any Image

OCR (Optical Character Recognition) ایک ایسا سوفٹ ویئر ہے جسکی مدد سے آپ امیجز سے ٹیکسٹ کو extract کر سکتے ہیں۔ یہ ہینڈ رائٹنگ، پرنٹڈ اور ٹائپ فورم میں موجود ٹیکسٹ کو ایڈٹ کر کے ری پروڈیوس کر سکتے ہیں۔

یہ ٹیکسٹ کو 100٪ کنورٹڈ نہیں کر تا لیکن ایڈٹ ایبل ہونے کی وجہ سے آپکو مکمل ٹیکسٹ ٹائپ کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی بلکہ آپ وقت کو بچاتے ہوئے کریکشن کر سکتے ہیں۔۔ مندرجہ ذیل لنک سے سوفٹ ویئر ڈاؤن لوڈ کیجئے۔

http://www.pctipstricks.net/softwares/free-ocr-softwares-convert-images-text/

*Start–>All Programs–>Microsoft Office–>Microsoft Office OneNote*

پر جائیں۔ جس امیج میں موجود ٹیکسٹ کو کاپی کرنا ہے اُسے ڈریگ اورڈراپ کریں۔ امیج پر رائٹ کلک کریں اور Copy Text from Picture پر کلک کریں۔




نوٹ پیڈ یا ایم ایس ورڈ اوپن کر کے ٹیکسٹ کو پیسٹ کر کے اُسکو سیو کر لیں۔

# اپنی یو ایس بی کو پاسورڈ پروٹیکٹڈ بنائیں

My USB Only ایک تھرڈ پارٹی سوفٹ ویئر ہے جو آپکی یو ایس بی پورٹس کو ڈِس ایبل کر کے پاسورڈ پروٹیکٹ بناتی ہے۔

ڈاؤن لوڈنگ لنک:

http://www.techmynd.net/downloads/software/usb-ports-protect-techmynd.rar

اس سوفٹ ویئر کو اوپر لنک سے ڈاؤن لوڈ کر کے اِنسٹال کریں۔ اِنسٹالیشن کے بعد آپ کو سسٹم ٹرے میں یو ایس بی آئکن نظر آئے گا۔ اس پر کلک کر کے General Setup سیلیکٹ کریں۔ پاسورڈ ڈالیں اور Allow پر کلک کریں۔ ایک بات بتاتی چلوں کہ ڈیفالٹ پاسورڈ 0000 ہے۔ آپ اسکو بعد میں تبدیل بھی کر سکتے ہیں۔ اسکے فیچرز مندرجہ ذیل ہیں۔

✓ اِنفارمیشن (ویڈیوز، ڈاکیومنٹس، تصاویر وغیرہ) کی لیکیجز سے روکتا ہے۔


✓ Prevent un-trusted USB storage devices from various users

✓ Secretly log all USB connect and disconnect activity

✓ بذریعہ ای میل آپکو مطلع کرتی ہے جب کوئی اپنی یو ایس بی آپکے سسٹم پر لگاتا ہے۔

✓ سب سے بڑھ کر It helps to Prevent data loss while you are away from home or computer۔

ایک ڈائیلاگ باکس آپن ہو گا۔ آپ اپنی مرضی اور ضرورت کے مطابق سیٹنگ کر لیں۔



# ویب سائٹس ریویو

- سوشل نیٹ ورکس میں موجود اپنے ڈیٹا کا بیک اپ لیں
- 80 کے قریب ویب سائٹس میں مطلوبہ یوزر نیم کی availability چیک کریں
- کیا آپکا مطلوبہ ای میل ویلڈ ہے؟


# سوشل نیٹ ورکس میں موجود اپنے ڈیٹا کا بیک اپ لیں

it's a site which allow you to have backup of 10+Social Networks like G-mail, Twitter, Facebook etc.


Backupify ویکلی بیسز پر آٹو میٹیکلی آپ کے ڈیٹا کا بیک اپ لیتا ہے۔ اسکے علاوہ آپ اپنے پی سی پر بھی ایک کاپی محفوظ رکھ سکتے ہیں اُس بیک اپ کی۔ اسکا فائدہ یہ ہے کہ ٹیکنیکل ایشوز کی وجہ سے سرور ڈاؤن بھی ہو جائے تو آپکا ڈیٹا دیگر سرور پر موجود رہے گا۔ فری یوزر 3 ویب سائٹس میں موجود ڈیٹا کا بیک اَپ لے سکتے ہیں اور انکو سپیس 1 جی بی ملتی ہے۔ جبکہ پریمیم یوزر 10 سے زائد سوشل نیٹ ورکس کا بیک اپ لے سکتے ہیں اور سپیس 15 سے 50 جی بی تک ملتی ہے۔

https://www.backupify.com/

پر اپنا اکاؤنٹ بنائیں اور اپنی مرضی کے مطابق اپنی ڈیزائر سائٹ کو بیک اپ لینے کیلئے Add بٹن پر کلک کریں۔




Log in بٹن پر کلک کریں اور ایپلیکیشن کو انسٹال کریں۔




Permission وِنڈو میں آپ نے Allow بٹن پر کلک کرنا ہے۔ یہاں کام ختم ہو گیا۔ فیس بک یا کوئی بھی نیٹ ورک جسکو آپ نے ایڈ کیا ہے ہفتہ وار آپکے ڈیٹا کا بیک اَپ لے لیا کرے گا۔ اپنے بیک اَپ ڈیٹا کو چیک کرنے کیلئے آپکے اکاؤنٹ میں موجود Backup ٹیب پر کلک کریں اگر آپ ڈیٹا کی کاپی اپنے سسٹم میں موجود رکھنا چاہتے ہیں تو اپنے سوشل نیٹ ورک پر کلک کریں اور Configure پر کلک کریں۔





آپکا تمام ڈیٹا سنکرونائز ہو جائے گا اور آپکو بذریعہ ای میل ڈاؤن لوڈنگ لنک مل جائے گا۔

یہ سائیٹ آپکو یہ سہولت بھی دیتی ہے کہ آپ 30 دِن تک فری سروس استعمال کر کے تسلی بخش ہونے پر پریمئم اکاؤنٹ خرید سکتے ہیں۔

## Check Users Name Availability in more than 80 Sites

نیم چیک ایک ایسی سائیٹ ہے جو آپکو 80 سے زائد ویب سائٹس میں پہلے سے موجود یوزر نیم کا بتاتی ہے۔

http://namechk.com/ میں جائیں۔ ٹیکسٹ فیلڈ میں یوزر نیم ڈالیں اور Chk بٹن پر کلک کر دیں۔




سائیٹ آپکو منٹس میں وہ تمام سائٹس شو کر دے گی جہاں آپکا مطلوبہ نام پہلے سے موجود ہے۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Blogger | taken | LiveJournal | available | Bit.ly | available | FriendFeed | available |
| Facebook | taken | Fanpop | available | blip.tv | available | netvibes | available |
| YouTube | taken | epinions | available | VodPod | available | Qik | available |
| eBay | available | Twitpic | available | Xanga | available | Aviary | available |
| Wordpress | taken | yfrog | taken | Viddler | available | BlinkList | available |
| twitter | taken | Digg | taken | Netlog | available | Blip.fm | available |
| MySpace | available | Instructables | taken | Fotolog | available | Flavors.me | taken |
| Flickr | available | Good Reads | available | Current | available | Gogobot | available |
| LinkedIn | available | StumbleUpon | taken | behance.net | available | Dribbble | available |
| photobucket | available | UStream | available | bebo | available | Plancast | available |
| tumblr | available | Kongregate | available | Steam | available | identica | available |
| Hulu | available | Buzznet | available | Technorati | available | Food Spotting | available |
| Vimeo | available | Gather | available | iLike | available | Wefollow | available |
| cafemom | available | Kaboodle | available | About.me | indefinite | Picasa | available |

اسکے علاوہ مندرجہ ذیل سائیٹس سے بھی آپ یوزر نیم کی موجودگی معلوم کر سکتے ہیں۔


http://www.knowem.com/

http://www.checkusernames.com/


# Check if E-mail ID is Valid or not



http://tools.email-checker.com/ سائیٹ پر جائیں۔ای میل ایڈریس فیلڈ میں ای میل آئی ڈی ڈالیں اور چیک بٹن پر کلک کریں۔




چیکنگ کے بعد آپکو رزلٹ شو کر دے گا کہ آئی ڈی درست / ویلڈ ہے یا نہیں۔
سکرین شارٹ ملاحظہ کیجئے۔یہاں ایک بات بتاتی چلوں کہ ایک وقت میں ایک آئی پی سے آپ صرف تین ای میل آئی ڈی چیک کر سکتے ہیں



# G-mail Tricks


- گوگل پلس اکاؤنٹ ڈیلیٹ کریں
- جی میل سے اپنی تمام ای میلز چیک کریں
- جی میل سے چیٹ باکس کو ختم کریں

# گوگل پلس اکاؤنٹ ڈیلیٹ کریں




مندرجہ ذیل سٹیپس کو فالو کرکے آپ اپنا گوگل پلس اکاؤنٹ ہمیشہ کیلئے ڈیلیٹ کر سکتے ہیں۔اس سے آپکا جی میل بلاگ وغیرہ کے اکاؤنٹ پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ لیکن ایک بات یاد رکھیئے گا کہ اکاؤنٹ ڈیلیٹ کرنے کے بعد ریکور نہیں ہو گا اسلئے سوچ سمجھ کر ڈیلیٹ کیجئے گا۔ اپنے جی میل اکاؤنٹ سے لاگن ہوں۔

Click on your **Google Profile** and select **Account Setting**




اکاؤنٹ اوورویو پر کلک کریں اور سروس آپشن میں جائیں۔





Delete profile and social features کو منتخب کریں اور ڈیلیٹ اکاؤنٹ پر کلک کریں پھر آپ نے Delete Google+ Content کو منتخب کرکے "ریموسیلیکٹڈ سروس" پر کلک کرنا ہے۔ آپکا اکاؤنٹ ڈیلیٹ ہو جائے گا۔


# جی میل سے اپنی تمام ای میلز چیک کریں

اِس ٹرک کی مدد سے آپ اپنے جی میل اکاؤنٹ سے کسی بھی اکاؤنٹ جیسے یاہو، ہاٹ میل وغیرہ کی ای میل چیک کر سکتے ہیں۔ آپ کسی بھی ای میل سروس پرووائڈرسے کم از کم پانچ اکاؤنٹ کنفیگر کر سکتے ہیں۔

- اپنے جی میل اکاؤنٹ سے لاگن ہوں۔
- سائن آؤٹ کے قریب سیٹنگ کی آپشن ہو گی اُس پر کلک کریں۔
- Account بٹن پر کلک کریں۔
- آپکو Get mail from other accounts کے سامنے Add another email account نظر آئے گا آپ نے اُس پر کلک کرنا ہے۔




- ایک ونڈو اوپن ہو گی۔ آپ نے ای میل اور پاسورڈ اینٹر کرنا ہے۔ باقی آپشنز آٹو میٹیکلی سیٹ ہو جائیں گی۔





- Check mail using POP3 آپشن آپکو نظر آئے گی آپ نے Add POP3 Email Account پر کلک کرنا ہے۔ ایک ونڈو اوپن ہو گی وہاں آپ نے اپنے دوسرے اکاؤنٹ کا ای میل اور پاسورڈ اینٹر کرنا ہے باقی آپشنز خود ہی سیٹ ہو جائیں گی۔

یہاں کام مکمل ہو گیا۔ آپکو آپکی دیگر اکاؤنٹ کی ای میل جی میل کے اکاؤنٹ میں ہی مل جایا کریں گی۔


# جی میل چیٹ باکس ختم کریں

اپنے جی میل اکاؤنٹ سے چیٹ باکس کو ختم کرنے کیلئے آپکو صرف سٹیپس فالو کرنا ہیں۔

اپنے جی میل اکاؤنٹ سے لاگن ہوں۔ سیٹنگز بٹن پر کلک کرکے ڈراپ مینیو سے سیٹنگ آپشن پر کلک کریں۔




Chat ٹیب پر کلک کریں۔ آپکو چیٹ آن اور چیٹ آف 2 آپشنز نظر آرہی ہوں گی آپ نے چیٹ آف پر کلک کرنا ہے۔




Save Changes پر کلک کر دیں۔ چیٹ باکس آف ہو جائے گا۔ آپ بعد میں اسے آن بھی کر سکتے ہیں۔


# ٹیوٹوریلز




- فوٹوشاپ میں تحریر کو کسی سطح پر کنندہ کرنا
- پکچر کی بیک گراؤنڈ میں امیج سیٹ کرنا
- اِن پیج میں لوگو بنانا

# فوٹوشاپ میں تحریر کو کسی سطح پر کندہ کرنا


(اس ٹیوٹریل کو لکھنے سے پہلے یہ فرض کر لیا گیا ہے کہ آپ کو فوٹوشاپ کی بنیادی معلومات حاصل ہیں)
آیئے یہ سیکھتے ہیں کہ فوٹوشاپ میں تحریر کو کسی سطح پر کیسے کندہ کیا جاتا ہے؟
فوٹوشاپ میں ایک نئی فائل کھولیں۔ سائز اپنی مرضی کا رکھیں بیک گراؤنڈ کلر کوڈ ہے 8A7968 نیچے اسکرین شاٹس دیکھیں۔





ٹیکسٹ ٹول کو منتخب کریں اور اپنی مرضی سے کوئی موٹا فونٹ منتخب کر کے جو دل میں آئے وہ لکھ ڈالیں۔ میں نے پاکستان لکھا ہے، بیک گراؤنڈ کلر کے ساتھ اور فونٹ Arial Black منتخب کیا ہے جبکہ سائز 80 رکھا ہے۔ فونٹ کا سائز ہے ٹیکسٹ لیئر پر کنٹرول کلک کریں۔ ٹیکسٹ منتخب ہو جائے گی یعنی CTRL+Click





لیئرز مینیو میں جائیں اور ٹیکسٹ لیئر کو Rasterize کر دیں امیج مینیو میں جائیں اور اسکرین شاٹس کے مطابق سیٹنگز رکھیں۔



بلینڈنگ آپشنز میں جا کر سکرین شاٹس کے مطابق سیٹنگ رکھیں۔






ٹیکسٹ لیئر پر رہتے ہوئے کنٹرول پلس لیفٹ کلک کریں۔ ٹیکسٹ سیلیکٹ ہو جائے گی۔ اب بیک گراؤنڈ لیئر پر جائیں۔ ایک نیا لیئر بنائیں۔ یاد رہے یہ لیئر بیک گراؤنڈ لیئر اور ٹیکسٹ لیئر کے درمیان میں ہو گا۔ اس لیئر میں سفید رنگ سے بھر دیں۔ ٹیکسٹ لیئر کے بائیں جانب موجود آنکھ کو بند کر دیں۔ نیچے آپکو سفید رنگ بھرا لیئر نظر آئے گا۔ اور سکرین شاٹس کے مطابق اپنی سیٹنگز رکھیں۔






اگلی سیٹنگ کے لئے نیچے سکرین شاٹس دیکھیں۔





موو ٹول کو سیلیکٹ کریں اور سفید رنگ بھرے لیئر کو دو پکسلز دائیں اور دو پکسلز نیچے موو کریں۔ یعنی دونوں کیز کو دو دو مرتبہ پریس کرنا ہے۔ اس لیئر کی Capacity کو کم کرکے 70 کر دیں۔ ٹیکسٹ لیئر جو سب سے اوپر ہے اُس کی آنکھ پر کلک کرکے کھول دیں۔ نتیجہ سکرین شاٹ میں دیکھیں۔




بیک گراؤنڈ لیئر پر جائیں اور اُس کو ڈپلیکیٹ کرکے ایک دوسری کاپی بنائیں اور اس نئے لیئر کی آنکھ بند کر دیں۔ بیک گراؤنڈ لیئر پر جائیں اور سکرین شاٹس کے مطابق عمل کریں۔








بیک گراؤنڈ لیئر کے اوپر والے لیئر کی capacity کم کر کے 80 کر دیں۔ سکرین شاٹ دیکھیں۔





پاکستان لیئر یعنی ٹیکسٹ لیئر پر جائیں اور سیٹنگز سکرین شاٹ کے مطابق رکھیں۔




آپکا امیج نیچے والے سکرین شاٹ کے مطابق ہو گا۔




بیک گراؤنڈ کے بعد والے لیئر کی دو مزید کاپیاں بنائیں۔اور سیٹنگز سکرین شاٹس کے مطابق رکھیں۔








اور یہ رہا فائنل امیج! مجھے اُمید ہے کہ آپکو یہ ٹیوٹوریل پسند آیا ہو گا اور کچھ نہ کچھ ضرور سیکھا ہو گا۔ شکریہ



# پکچر کی بیک گراؤنڈ میں امیج سیٹ کرنا

ایڈوب فوٹوشاپ میں کوئی بھی امیج اوپن کریں۔



اسکے بعد اُس امیج کو اوپن کریں جسکو بیک گراؤنڈ میں لگانا ہے۔ پکچر اوپن ہو جائے تو اُسکو Ctrl+A پریس کر کے منتخب کریں اور کاپی کر لیں جسکی شارٹ کی Ctrl+C ہے۔




اب اُس امیج کو بیک گراؤنڈ والی امیج پر پیسٹ کریں۔ پیسٹ کرنے کی شارٹ کی Ctrl+V ہے۔اسکے بعد امیج کو مطلوبہ جگہ پر ایڈجسٹ کریں۔ L پریس کر کے Polygonal Lasso Tool سیلیکٹ کریں اور پکچر کو اپنی مرضی کے مطابق منتخب کریں۔ Select مینیو میں جا کر Inverse پر کلک کریں جس سے مکمل بیک گراؤنڈ سیلیکٹ ہو جائے گا۔ پھر Del Key پریس کر دیں۔

**فائنل ویو (Final View)**




# اِن پیج میں لوگو / واٹرمارک بنانا


یوں تو آجکل ہر ایڈوب فوٹوشاپ اور مختلف سوفٹ ویئرز نے لوگو بنانے کا کام کافی آسان کر دیا ہے۔ لیکن اکثر لوگ اس کے استعمال سے ناواقف ہیں اور اِن پیج ایک ایسی چیز ہے جسکا استعمال یونی کوڈ کے باجود بھی آج کل بہت کیا جاتا ہے۔ اِن پیج میں بھی آپ اپنے نام، آرگنائزیشن وغیرہ کے نام کا لوگو باآسانی بنا سکتے ہیں اور واٹرمارک کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔۔ سب سے پہلے اِن پیج اوپن کریں۔ اپنا یا آرگنائزیشن یا کوئی بھی نام جسکو ایز آ واٹرمارک استعمال کرنا ہے لکھیں۔ اُسکو بالکل لائیٹ کلر دیں تاکہ وہ ٹیکسٹ پر اثرانداز نہ ہو نیز سائز اپنی مرضی کے مطابق جتنا رکھنا چاہیں رکھ لیں۔ پھر File>>Export Page میں جائیں۔




ڈائیلاگ باکس آپن ہو گا۔ Brows پر کلک کریں۔ یہاں امیج کو کوئی سا بھی نام دے کر سیو کر لیں۔





اُس امیج پر رائٹ کلک کرکے Edit سیلیکٹ کریں۔ وہ امیج Paint میں اوپن ہو جائے گا۔ File>> Save As پر کلک کرنے سے ایک باکس آپن ہو گا۔ آپ نے امیج کو JPEG فارمیٹ میں سیو کرنا ہے۔





یہاں واٹرمارک / لوگو تیار ہے۔ اگلا کام اسکواِن پیج کے بیک گراؤنڈ میں سیٹ کرنا ہے۔ آپ اِن پیج پر کچھ بھی لکھ لیں۔ تمام written material لکھنے کے بعد آپ نے اِس ایرو  پر کلک کرنا ہے۔

File>>Place پر جائیں۔ ایک باکس آپن ہو گا۔ آپ نے جس جگہ پر اُس امیج کو سیو کیا ہے وہاں سے اُسکو منتخب کریں اور کسی بھی جگہ کر سر رکھ کر کلک کریں۔ امیج پلیس ہو جائے گا۔ اِسکو پیج کے حساب سے ایڈجسٹ کر لیں۔




ایڈجسٹ کرنے کے بعد Edit>>Send to Back پر کلک کریں امیج ٹیکسٹ کی بیک پر چلا جائے گا۔




جب آپ نے ٹیکسٹ کو ایز این امیج سیو کرنا ہو تو Ctrl+A پریس کر کے تمام کو سیلیکٹ کریں گے تاکہ بیک گراؤنڈ بھی منتخب ہو جائے اور پھر سیو کر لیں۔

# Internet Explore 9 Keyboard Shortcut Keys




## Using Print View

| To Do this | Press This |
|---|---|
| پرنٹ پیج کو سیٹ کرنے اور پرنٹ کرے کیلئے | ALT+P |
| صفحے کا ہیڈر اینڈ فوٹر، مارجن اور ڈائریکشن تبدیل کرنے کیلئے | ALT+U |
| Display the first page to be printed | ALT+HOME |
| Display the Previous page to be printed | ALT+Left+Arrow |
| Display the next page to be printed | ALT+Right+Arrow |
| Display the Last page to be printed | ALT+END |
| یہ آپشن اُس وقت استعمال کرتے ہیں جب کسی ویب سائیٹ فریمز ہوں اور آپ اُسکو پرنٹ کرنا چاہتے ہوں۔ | ALT+F |
| پرنٹ پریویو بند کرنے کیلئے | ALT+C |

## Using the Address Bar

| | |
|---|---|
| ایڈریس بار میں موجود ٹیکسٹ کو سلیکٹ کرنے کیلئے | ALT+D |
| ایڈریس بار میں ٹائپ کی ہوئی لسٹ کو شو کرنے کیلئے | F4 |
| ٹیکسٹ کے شروع میں www اور آخر میں com ایڈ کرنے کیلئے | CTRL+Enter |

## Opening Tool Bar Menu

| To Do this | Press This |
|---|---|
| ہوم مینیو اوپن کرنے کیلئے | ALT+HOME |
| پرنٹ مینیو اوپن کرنے کیلئے | ALT+R |
| آر ایس ایس مینیو اوپن کرنے کیلئے | ALT+J |
| ٹول مینیو اوپن کرنے کیلئے | ALT+O |
| Safety مینیو اوپن کرنے کیلئے | ALT+S |
| ہیلپ مینیو اوپن کرنے کیلئے | ALT+L |

## Working with Feed, History & Favorites

| To Do this | Press This |
|---|---|
| Add the current page to your favorites | CTRL+D |
| Delete browsing history | CTRL+SHIFT+DEL |
| Open an InPrivate Browsing window | CTRL+SHIFT+P |
| Open the Organize Favorites dialog box | CTRL+B |
| Move selected item up in the Favorites list in the Organize Favorites dialog box | ALT+UP ARROW |
| Move selected item down in the Favorites list in the Organize Favorites dialog box | ALT+DOWN ARROW |
| Open Favorites Center and display your favorites | ALT+C |

## Using Print View

| To Do this | Press This |
|---|---|
| Open Favorites Center and display your feeds | CTRL+J |
| Open and dock the Favorites Center and display your feeds | CTRL+SHIFT+J |
| Open the Add to Favorites menu (or open Subscribe to feed when in feed preview) | ALT+Z |
| Open the Favorites menu from the menu bar | ALT+A |
| Display all feeds (when in feed view) | ALT+I |
| Mark a feed as read (when in feed view) | ALT+M |
| Put cursor in Search box in feed view | ALT+S |
| Open Favorites Center and display your feeds | CTRL+J |
| Using Information Bar | |
| Move focus to the Information bar | ALT+N |
| Click the Information bar | Spacebar |

## Editing

| To Do this | Press This |
|---|---|
| Remove the selected items and copy them to the Clipboard | CTRL+X |
| Copy the selected items to the Clipboard | CTRL+C |
| Insert the contents of the Clipboard at the selected location | CTRL+V |
| Select all items on the current webpage | CTRL+A |
| Open Internet Explorer Developer Tools | F12 |

# ویب سائٹس میں رائیٹ کلک ان ایبل کریں




آپ نے دیکھا ہو گا کہ کئی ویب سائیٹس پر رائٹ کلک ڈس ایبل ہوتا ہے جس سے آپ مواد کو کاپی نہیں کر سکتے۔اِس ٹرک سے آپ کسی بھی سائیٹ میں ڈس ایبل کلک کو کلک کر سکتے ہیں۔ آپ نے جسٹ اپنے براوزر میں جاوا سکرپٹ کو بلاک کرنا ہے۔

## For Firefox User




Tools>>Options>>Content


آپ نے Enable JavaScript باکس کو اَن چیک کرنا ہے اور اوکے کر دیں۔




# For Google Chrome User

Wrench Icon آئکن پر کلک کریں اور آپشن پر جائیں۔ ایک ونڈو اوپن ہو گی آپ نے Under the Hood ٹیب پر کلک کرنا ہے۔ پھر Content Settings>> JavaScript پر جانا ہے اور جاوا سکرپٹ کو ڈس ایبل کر دیں۔




# For Internet Explorer User




Tools>Internet options>Security
Custom Level پر کلک کریں۔




سکرپٹنگ سیکشن میں جائیں اور Active Scripting کو ڈس ایبل کر دیں۔

# New 3G Connections for Mobile



موبائلز میں 3G کنیکشنز ایک جدید نہ صرف فیشن اور نوجوانوں کیلئے ایک کریز بھی ہے۔ جہاں اسکا فائدہ تیز ترین انٹرنیٹ کا حصول ہے وہیں ایک نقصان اسکا مہنگا ہونا بھی ہے۔ اگر آپ جسٹ ای میل پڑھنا اور سینڈ کرنا چاہتے ہیں یا دُوسری سائیٹس سرچنگ تو آپ اپنے پرانے نیٹ کنیکشن کے ساتھ بھی کر سکتے ہیں کیونکہ تھری جی کی ضرورت آپکو ہوتی ہے جب

1۔ You want to send & receive huge attachments

2۔ 3G has the additional benefit of video calling

3۔ 3 جی سروس اور کنیکٹیویٹی کافی incompatible ہے لیکن اگر آپ اپنے فون کو ایز آ موڈیم استعمال کرنا چاہتے ہیں یا کرتے ہیں تو تھری جی کنیکشن سپیڈ کے لحاظ سے بہت بہتر ہے۔

4۔ اسکا ایک پہلو اور بھی قابلِ غور ہے کہ 3G is the heavy battery drainage that all 3G phones suffer from۔ آپکو اسکے لئے ایک الگ سے بیٹری رکھنا ہو گی کیونکہ ایک بیٹری کم از کم 4 یا 5 گھنٹے نکالے گی۔ یہ آپکے استعمال پر منحصر ہے۔ جبکہ GPRS موبائل بیٹری اس سے زیادہ چل جاتی ہے۔ 3 جی کنیکشن لینا ہے یا نہیں اسکا انحصار آپکے استعمال اور ضرورت پر ہے۔ اگر آپکو اسکی ضرورت نہیں ہے لیکن پھر بھی آپ فاسٹ نیٹ سپیڈ کے خواہشمند ہیں تو مندرجہ ذیل 2 باتوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے بھی آپ تھری جی کنیکشن استعمال کر سکتے ہیں۔

✓ اگر آپکو اسکی ضرورت نہیں ہے تو اسکو ٹرن آف کر دیں۔ فون G2 پر سوئچ کر جائے گا اور بیٹری کی بھی بچت ہو گی۔ جب کبھی ضرورت ہو اسکو آن کر لیں۔

✓ ویب سائٹس سرچ کرتے یا کوئی سائیٹ اوپن کرنا ہو تو موبائل ورژن اوپن کریں نیز اوپرا براؤزا استعمال کریں کیونکہ یہ ویب کو کمپریس کر دیتا ہے۔

اور ضرورت پوری ہو جائے تو اسکو واپس ٹرن آف کر دیں اور جی 2 استعمال کریں۔ بلاشُبہ یہ ایک فائدہ مند ایجاد ہے لیکن ضرورت کے تحت استعمال کی جائے تو نہ صرف پیسوں کی بچت ہو گی بلکہ آپکی موبائل بیٹری کی بھی بچت ہو گی۔۔

**Send us your feed back and Articles**

↓

**itmagdzcp@gmail.com**